# باب 9


# بدلتے خاندان

یہاں کچھ خاندانوں کی تصویریں ہیں۔ یہ خاندان نمی، سیرنگ اور نازلی کے ہیں۔آیئے ان تصویروں پر نظر ڈالیں، بات چیت کریں جو کچھ ہم دیکھیں اور اس پر گفتگو کریں۔

## ایک نئی آمد!


یہاں نمی کے خاندان میں زبردست گھما گھمی ہے اس کی نئی ننھی منّی بہن آئی ہے۔





© NCERT not to be republished





## تصویروں کو دیکھو اور لکھو۔

- نمی کے خاندان کے افراد کون کون تھے اس کی ننھی منّی بہن کی آمد سے پہلے؟

- اب نمی کے خاندان کے افراد کتنے ہیں؟



## آئیے گفتگو کریں:

- آپ کیا سوچتے ہیں نمی کے افرادِ خانہ کی زندگی میں نئی بچی کی آمد سے کیا تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں؟ مثلاً۔
  - اب نمی اپنا دن کیسے گذارے گی؟
  - اب اس کی والدہ کیا نیا کام کریں گی؟
  - اب نمی کے والد، دادی اور چچا کے روزمرّہ کے کاموں میں کچھ تبدیلی آجائے گی۔ نئی بچی کی آمد کے ساتھ۔

کیا تم بتا سکتے ہو کیسے؟



**استاد کے لیے:** ہر ایک بچے کو ایک موقع دو کہ وہ اپنے تجربات بیان کرے۔

© NCERT not to be republished

- کیا آپ کے گھر میں یا آس پڑوس میں کوئی نیا بچہ پیدا ہوا ہے؟
  - گھر میں ایک نومولود بچے کی موجودگی میں کیا محسوس ہوتا ہے؟
  - نومولود بچے کی وجہ سے گھر میں کیا کیا تبدیلیاں رونما ہوئیں؟
- اپنے گھر میں یا اپنے کسی رشتہ دار کے گھر میں سب سے چھوٹے بچے کے بارے میں معلومات حاصل کرو۔ پھر لکھو۔
  - چھوٹا بچہ کب تولد ہوا تھا؟
  - بچہ لڑکا ہے یا لڑکی؟
  - تمہارا اس کے ساتھ کیا رشتہ ہے؟
  - بچے کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟
  - بچے کی شکل کس سے مشابہ ہے؟
  - اس کے بالوں کا رنگ کیا ہے؟
  - اس کی آنکھوں کا رنگ کیسا ہے؟
  - کیا ننھے بچے کا کوئی دانت ہے؟
  - بچے کی لمبائی کیا ہے؟

© NCERT not to be republished

- ایک دن میں بچہ کتنے گھنٹے تک سوتا ہے؟

- کیا کیا مختلف آوازیں بچہ نکالتا ہے؟

- زیادہ تر بچہ کس کے پاس رہتا ہے؟

- بچے کی ایک تصویر اپنی کاپی میں لگاؤ یا اپنی کاپی میں اس کی تصویر بناؤ۔

## نئی جگہ:

سیرنگ کے والد کو دفتر سے ایک خط موصول ہوا۔ خط سے معلوم ہوا کہ ان کی ترقی ہوئی ہے اور ان کو ایک نئے شہر کی جانب روانہ ہونا ہوگا۔





جب سیرنگ کے والد نے خط اپنے اہل خانہ کو دکھایا تو تمہیں کیا لگتا ہے مختلف افراد خانہ نے کیسا محسوس کیا ہوگا؟

© NCERT not to be republished







- سیرنگ کے والد کے تبادلے کے بعد اس کے خاندان نے کیا کیا تبدیلیاں محسوس کی ہوں گی ......مثلاً......
  - سیرنگ کے خاندان والوں میں سے کون اپنے والد کے ساتھ نئی جگہ پر رہے گا۔ سیرنگ کس اسکول میں جائے گا؟ کیا اس کے نئے دوست بنیں گے؟
  - کیا تمہارے خاندان میں کوئی کام کی وجہ سے نئے مقام پر منتقل ہوا ہے؟
  - تم اس تبدیلی کے متعلق کیا سوچتے ہو؟
- کیا تمہارے کلاس میں یا اسکول میں ایسا کوئی ہے جو کسی دوسری جگہ سے آیا ہو؟ اگر ایسا ہے تو اس سے بات کرو۔
  - وہ کہاں سے آیا یا آئی ہے؟
  - اس کا پرانا اسکول کیسا تھا؟
  - اس کو یہاں کیا مختلف لگ رہا ہے؟
  - کیا اس کو تبدیلی پسند آ رہی ہے؟

© NCERT not to be republished

## یہ ایک شادی ہے!

نازلی کے گھر میں آج بہت بڑی خوشی ہے۔ اس کے بڑے چچازاد بھائی کی آج شادی ہے۔



### آؤ گفتگو کریں۔

کیا تم سوچتے ہو کہ نازلی کے خاندان میں اس شادی کے بعد کچھ تبدیلی آئے گی؟ کیا تبدیلی آئے گی؟

- تم کیا سوچتے ہو نئی دلہن جہاں سے آئی ہے اس گھر میں کچھ تبدیلیاں آئی ہوں گی؟ کس قسم کی تبدیلیاں؟

- اپنی والدہ اور چچی، تائی سے دریافت کرو کہ وہ شادی سے قبل کہاں رہتی تھیں؟
- ان کے خاندان کے اس وقت کون کون افراد تھے؟
- کیا تمہارے خاندان میں حال میں ہی کسی کی شادی ہوئی ہے؟ وہ کون ہے؟
- اپنے ہم جماعت ساتھیوں سے بات کرو اور لکھو کہ شادی کے دوران ان کے خاندانوں میں کیا کیا ہوتا ہے۔

- کس قسم کا خاص کھانا پکایا جاتا ہے؟

- دولہا اور دلہن کیا مخصوص لباس پہنتے ہیں؟

- شادیوں کے موقع پر کس قسم کے گانے اور ناچ کے مظاہرے ہوتے ہیں۔

تم نے جس شادی میں شرکت کی اس میں کیا دیکھا؟ اپنی کاپی میں کچھ تصویریں بناؤ۔ پھر اپنے ہم جماعت ساتھیوں کی بنائی ہوئی تصویروں کو دیکھو۔

نمی، سیرنگ اور نازلی کے خاندانوں میں مختلف وجوہات کی بنا پر جو تبدیلیاں ہوئیں، ان تبدیلیوں کی وجوہات کے بارے میں لکھو۔

- نمی کے خاندان میں۔

- سیرنگ کے خاندان میں

- نازلی کے خاندان میں

- خاندانوں میں تبدیلیاں رونما ہونے کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں؟ کیا تم کچھ اور وجوہات کے بارے میں بھی سوچ سکتے ہو؟

- تین بزرگ لوگوں سے گفتگو کرو۔ایک اپنے خاندان سے ایک تمہارے دوست کے خاندان سے اور ایک تمہارے پڑوس کے خاندان سے۔ان سے یہ سوالات کرواور خانوں کو پر کرو۔

| سوال | تمہارا خاندان | دوست کا خاندان | پڑوسی کا خاندان |
|---|---|---|---|
| • تمہارا خاندان یہاں کتنے برسوں سے رہ رہا ہے؟ | | | |
| • یہاں آنے سے قبل تمہارا خاندان کہاں رہتا تھا؟ | | | |
| • آج تمہارے خاندان میں کل کتنے افراد ہیں؟ | | | |
| • آج سے دس سال قبل تمہارے خاندان میں کتنے افراد تھے؟ | | | |

**استاد کے لیے:** تبدیلیاں زندگی کا حصہ ہیں بہر حال بچے تبدیلیوں سے بہت زیادہ سے متاثر ہوتے ہیں۔اس کے بارے میں اور حساس ہوکر گفتگو کریں۔



© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| • آپ کے خاندان میں گذشتہ دس برسوں میں جو تبدیلیاں آئی ہیں، ان کی کیا وجوہات ہیں؟<br>• آپ ان تمام تبدیلیوں کے بارے میں کیسا محسوس کرتے ہیں؟ | | | |

## میرا خاندان——کل، آج اور کل

تمام خاندانوں میں کسی نہ کسی طور پر تبدیلیاں مختلف وجوہات کی بنا پر آتی ہیں کیا تمہارا خاندان بھی تبدیل ہوا ہے؟

جب تمہارے دادا، دادی تمہاری طرح بچے تھے کیا تمہارا خاندان ایسے ہی تھا جیسا اب ہے؟

کیا تمہیں سیتا اماں کا شجرہ نسب کی تصویر جو ہم نے تیسری کلاس کی کتاب میں دیکھی تھی یاد ہے؟

- تم نے بھی اپنے خاندان کا شجرہ نسب بنایا تھا۔ چلو ایک بار پھر ہم گذشتہ سال والا شجرہ نسب کی تصویر کشی اپنی کاپی میں کرتے ہیں۔
- اپنے دادا یا دادی سے دریافت کرو کہ ان کے خاندان میں کتنے افراد تھے جب وہ تمہاری عمر کے تھے؟ پھر اپنی کاپی میں شجرہ نسب کی تصویر کشی کرو۔
- کیا تم اپنے آپ کو، اپنے بھائی کو، اپنی بہن کو، اپنی ماں کو، اپنے باپ کو اس شجرہ نسب میں کہیں بھی دیکھ سکتے ہو؟
- اب اپنی کاپی میں اپنے موجودہ خاندان کی شجرہ نسب کے تصویر کشی کرو۔

کیا تم اپنے آپ کو اس شجرہ نسب میں کہیں دیکھ سکتے ہو؟ تمہارے خاندان کے کون کون سے افراد ہیں آج کل تمہارے بزرگ دادا، دادی کہاں ہیں؟



© NCERT not to be republished

## آئیے گفتگو کریں۔

کیا تم بتا سکتے ہو تمہاری دادی اور دادا کا عہد طفلی کا شجرۂ نسب تمہارے آج کے خاندان کے شجرۂ نسب سے مختلف ہے؟

## اسکول کو واپسی

- تم کس درجہ تک پڑھائی جاری رکھنا چاہتے ہو؟

- تمہارے والدین نے کس درجہ تک تعلیم حاصل کی ہے؟

- تمہاری دادی کو کس درجہ تک تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا؟

- تمہاری دادی کی شادی کس عمر میں ہوئی تھی؟

- کیا تم نے اس قانون کے بارے میں سنا ہے جس کی رو سے معلوم ہوتا ہے کہ کس عمر تک لڑکیوں اور لڑکوں کی شادی نہیں کرنا چاہیے۔

ہاں، بہت ساری لڑکیاں ایسی ہیں جن کی شادی کر دی جاتی ہے۔اس سے قبل ہی کہ وہ 18 سال کی عمر تک پہونچیں۔ بہتوں کو تو اسکول تک چھوڑنا پڑتا ہے۔ بہت ساری حقیقی کہانیاں ہیں۔ رنگا ریڈی ضلع کی سشیلا جیسی لڑکیوں کی، جو دوبارہ اسکول واپس جا رہی ہیں۔ پنچایت کی مدد ملی ہے۔ پنچایت نے کہا کہ چھوٹے بچوں کو کھیلنا، کودنا اور پڑھنا چاہیے نہ کہ ان کی شادی کروانا۔ آندھرا پردیش میں خاص طور پر شادی شدہ لڑکیوں کو دوبارہ اسکول بھجوانے کے لیے کیمپ لگائے ہیں۔ جنگمّا اور چِٹّی کہتی ہیں ''ہم تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں اور اپنے پیروں پر خود کھڑی ہونا چاہتی ہیں۔

© NCERT not to be republished

## معلوم کرو اور لکھو۔

- کیا تمہارے آس پڑوس میں کچھ ایسے بچے ہیں جن کو اسکول چھوڑنا پڑا ہو۔کیا وہ اسکول واپس جانا چاہتے ہیں؟

- آج کل وہ کیا کر رہے ہیں؟

- کیا تمہارے خاندان میں حال ہی میں کسی کی شادی ہوئی ہے؟ کس کی؟

- دلہن اور دولہا کی کیا عمر رہی ہوگی؟

**استاد کے لیے:** بچوں کی پڑھائی درمیان میں چھوٹنے اور کم سنی کی شادی کے متعلق جو قانون ہے جو یہ بتاتا ہے کہ شادی کی عمر لڑکیوں کے لیے کم سے کم 18 سال اور لڑکوں کے لیے 21 سال ہونا ضروری ہے۔اس پر اگر ضرورت ہو تو بچوں سے گفتگو کرو۔

© NCERT not to be republished